رہبر معظم نے بعض فوجیوں کی سزاؤں میں تخفیف اور عفو کی درخواست سےموافقت کی - 23 /May/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے خرم شہر کی آزادی اور فتح کی مناسبت سے فوجی عدالتوں سے 80 سزا یافتہ افراد کی سزاؤں میں تخفیف اور بخشش کی درخواست سےموافقت کی ہے۔

عدلیہ کے سربراہ آیت اللہ شاہرودی نے اپنی ایک درخواست میں 80 افراد کی سزاؤں میں تخفیف اور بخشش کا تقاضا کیا تھا جن کی سزاؤں کو معاف یا کم کرنے کے بارے میں ادارہ عفو و تخفیف میں باضابطہ جائزہ لیا گیا تھا رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عدلیہ کےسربراہ کی مذکورہ درخواست سے موافقت کی ہے۔